© rasailojaraid.com



ادارہ

# اخبار الاحرار

## مجلس احرار اسلام سیکولر انتہا پسندی کے خلاف مزاحمتی کردار ادا کرتی رہے گی

## حکمران امریکی غلامی سے نکلیں، ملکی سلامتی وخود مختاری کے تحفظ کے لیے قومی کردار ادا کریں

## مرکزی مجلس عاملہ کے اجلاس سے قائد احرار سید عطاء المہیمن بخاری اور عبداللطیف خالد چیمہ کا خطاب

لاہور (۸؍ مارچ) مجلس احرارِ اسلام پاکستان کے امیر مرکزیہ سید عطاء المہیمن بخاری نے کہا ہے کہ وفاقی وزیر اقلیتی امور شہباز بھٹی کے قتل کو قانون تحفظ ناموس رسالت سے جوڑ کر عالمی استعمار پاکستان میں اپنی براہ راست مداخلت بڑھانے کا جواز مہیا کرنا چاہتا ہے دینی قوتوں کے ساتھ ساتھ سیاسی جماعتوں اور سیاسی زُعماء کا بھی فرض بنتا ہے کہ وہ آئین کی اسلامی دفعات اور ملک کے نظریاتی تشخص کی بقاء کے لئے اپنا مؤثر کردار ادا کریں اِن خیالات کا اظہار انہوں نے مجلس احرارِ اسلام پاکستان کی مرکزی مجلس عاملہ کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ مرکزی دفتر نیو مسلم ٹاؤن لاہور میں منعقدہ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ تحریک ختمِ نبوت ۱۹۵۳ء کے شہداء کی یاد میں ملک بھر میں کانفرنسوں اور اجتماعاتِ ختمِ نبوت کا سلسلہ مارچ اور اپریل میں جاری رہے گا۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ ۱۰؍ مارچ کو ناگڑیاں (گجرات) ۳۱؍ مارچ کو ملتان ۷؍ اپریل کو چیچہ وطنی میں شہداءِ ختمِ نبوت کانفرنسیں منعقد ہوں گی۔ اجلاس میں اِنسانی حقوق کے نام سے کام کرنے والی ملکی وبین الاقوامی تنظیموں کی طرف سے قانون توہین رسالت کے خاتمے اور اِس قانون پر تنقید کرنے والے سیاستدانوں کو مکمل طور پر مسترد کرتے ہوئے فیصلہ کیا گیا کہ تحفظ ناموس رسالت کے سلسلہ میں مجلس احرارِ اسلام اپنی انفرادی واجتماعی جدوجہد کے دائرے کو وسیع کرے گی۔ مجلس احرارِ اسلام پاکستان کے سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ۲۹۵۔سی کے حوالے سے رجسٹرڈ ہونے والے مقدمات بغیر کسی جانبداری، مداخلت اور دباؤ کے آزادانہ طور پر آئینی وعدالتی طریق کار کے مطابق چلنے چاہییں۔ الطاف حسین سمیت اس قانون پر تنقید کرنے والے سیاستدان مداخلت فی الدین کے مرتکب ہو رہے ہیں۔ مجلس احرارِ اسلام سیکولر اِنتہا پسندی کے سامنے مزاحمتی کردار ادا کرتی رہے گی۔ اجلاس میں پروفیسر خالد شبیر احمد، سید محمد کفیل بخاری، مولانا محمد مغیرہ، میاں محمد اویس، چودھری محمد اکرام، صوفی نذیر احمد، ملک محمد یوسف اور محمد ارشد چوہان نے شرکت کی۔ ایک قرارداد میں کہا گیا کہ ریمنڈ ڈیوس کیس امریکی تسلط سے نکلنے کے لئے ٹیسٹ کیس ہے حکمران، پاکستان کو امریکی غلامی سے نکالیں، ملکی سلامتی اور خود مختاری کے تحفظ کے لیے جرأت مندانہ اقدامات کریں پوری قوم اس مسئلہ پر ایک ہی رائے رکھتی ہے۔ ڈرون حملوں میں شہید ہونے والے شہریوں کے ورثاء کی بددعائیں حکمرانوں کو لے ڈوبیں گی ایک اور قرارداد میں چناب نگر (ربوہ) کو قادیانیوں کے قبضے سے مکمل طور پر آزاد کرانے کا مطالبہ کیا گیا اور کہا گیا کہ ربوہ کے رہائشیوں کو اگر مالکانہ حقوق دے دیئے جائیں تو رائل فیملی کے ظلم



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



وستم کا شکار غریب قادیانی، مسلمان ہونے کے لئے تیار ہیں۔ اجلاس نے تحریک ناموس رسالت صلی اللہ علیہ وسلم کی مثالی کامیابی پر مکمل طور پر اطمینان کا اظہار کیا اور وزارتِ قانون کی سمری کو مسلمانوں کے ایمان وعقیدے کی ترجمانی سے تعبیر کیا۔

**شہداء ختم نبوت کی لازوال قربانی نے ہمیں کامیابی سے ہمکنار کیا (قائد احرار سید عطاء المہیمن بخاری)**

گجرات (۱۰ / مارچ) مجلس احرار اسلام پاکستان کے امیر سید عطاء المہیمن بخاری، سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ اور دیگر مقررین نے مدرسہ معمودیہ معمورہ ناگڑیاں (گجرات) میں منعقدہ سالانہ ''شہداء ختم نبوت کانفرنس'' کے عظیم الشان اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ ۱۹۵۳ء کے شہداء ختم نبوت نے اپنے مقدس خون سے فتنۂ ارتداد مرزائیہ کے سدباب کے لئے مثالی قربانی دی اور شہداء جنگ یمامہ کی سچی یاد تازہ کردی۔ قائد احرار سید عطاء المہیمن بخاری نے کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ شہداء ختم نبوت کی لازوال قربانی نے ہماری دینی جدوجہد کو کامیابی سے ہمکنار کیا۔ انہوں نے کہا کہ نفاذ اسلام سے ہی ہم تمام مشکلات ومسائل پر قابو پا سکتے ہیں۔ عبداللطیف خالد چیمہ نے کہا کہ تحریک ناموس رسالت کی مثالی کامیابی نے ثابت کر دیا ہے کہ کمزور سے کمزور مسلمان بھی حرمت رسول پر جان قربان کرنے کے لیے تیار ہے۔ انہوں نے کہا کہ قادیانی اپنے کفر کو اسلام کے نام پر متعارف کروا کر ارتداد اور زندقہ پھیلا رہے ہیں۔ اگلے روز قائد احرار سید عطاء المہیمن بخاری نے ناگڑیاں میں نماز جمعۃ المبارک کے اجتماع سے خطاب کیا۔

**قانونِ توہین رسالت کے حوالے سے امریکی ایوانِ نمائندگان کی قرارداد قابل مذمت ہے**

**شہباز بھٹی نے اپنی خفیہ سرگرمیوں کو راز میں رکھنے کے لیے سیکورٹی سے احتراز کیا۔ (عبداللطیف خالد چیمہ)**

لاہور (۱۲ / مارچ) متحدہ تحریک ختم نبوت رابطہ کمیٹی پاکستان نے ناموس رسالت قانون ختم کرانے کے لیے پاکستان پر دباؤ بڑھانے کے لیے امریکی ایوان نمائندگان میں پیش کی جانے والی قرارداد کی مذمت کرتے ہوئے اسے یکطرفہ اور جانبدارانہ رویہ قرار دیا ہے ختم نبوت رابطہ کمیٹی کے کنوینر اور مجلس احرار اسلام کے سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ جناب نبی کریم (صلی اللہ علیہ وسلم) کے منصب رسالت کے تحفظ کا قانون دو ارب کے قریب مسلمانوں کے ایمان وعقیدے کی ترجمانی کرتا ہے اس قانون کو امتیازی قانون قرار دینے والے خود مسلمانوں کیخلاف جارحانہ اور امتیازی رویہ اختیار کیے ہوئے ہیں انہوں نے کہا کہ ''آسیہ مسیح'' کیس کے سلسلہ میں سابق گورنر پنجاب سلمان تاثیر نے آئینی وعدالتی سسٹم کو بائی پاس بلکہ ہائی جیک کیا اور اسی بنیاد پر وہ قتل ہوئے۔ شہباز بھٹی کے قتل کو قانون تحفظ ناموس رسالت کی جدوجہد سے جوڑنے والے شہباز بھٹی کیس کی انکوائری پر نظر رکھیں تو تمام حقائق ان کو معلوم ہو جائیں گے انہوں نے الزام عائد کیا کہ شہباز بھٹی نے اپنی خفیہ سرگرمیوں کو راز میں رکھنے کیلئے سیکورٹی ساتھ رکھنے سے دانستہ احتراز کیا جو ایک سوالیہ نشان ہے؟

**مجلس احرار اسلام جرمنی کے صدر سید منیر احمد شاہ کی دفتر احرار لاہور آمد**

لاہور (۱۲ / مارچ) مجلس احرار اسلام جرمنی کے صدر سید منیر احمد شاہ بخاری گزشتہ روز جرمنی سے لاہور پہنچے تو



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ائیر پورٹ پر مجلس احرار اسلام پاکستان کے سیکرٹری جنرل عبداللطیف چیمہ اور ڈپٹی سیکرٹری جنرل میاں محمد اویس نے ان کا استقبال کیا مجلس احرار اسلام پاکستان کے مرکزی دفتر نیو مسلم ٹاؤن لاہور میں ان کا پر جوش خیر مقدم کیا گیا اس موقع پر سید منیر احمد شاہ نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ جرمنی سمیت پوری دنیا میں قادیانیت بے نقاب ہورہی ہے اور قادیانیت ترک کرکے اسلام قبول کرنے والوں کی تعداد میں مسلسل اضافہ ہورہا ہے سید منیر احمد شاہ جو چند سال قبل قادیانیت ترک کرکے حلقہ بگوش اسلام ہوئے تھے نے کہا کہ قادیانیت ایک دھوکہ ہے جو بڑی چالاکی کے ساتھ قادیانی دیتے ہیں انہوں نے کہا کہ دینی جماعتوں کیلئے ضروری ہے کہ وہ ردِعمل کی بجائے دعوتی اسلوب اختیار کریں اور بے خبر قادیانیوں کو حقیقت سے آگاہ کریں۔ ممتاز دانشور محمد متین خالد اور دیگر حضرات نے بھی ان سے ملاقات کی اور عالمی سطح پر تحریکِ ختم نبوت کی تازہ ترین صورت حال کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا۔

## قاتل امریکی ریمنڈ ڈیوس کی رہائی نے ثابت کر دیا کہ حکمران جھوٹ بولتے رہے

لاہور (۱۷ر مارچ) مجلس احرارِ اسلام پاکستان کے امیر مرکزیہ سید عطاء المہیمن بخاری اور سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ نے کہا ہے کہ ریمنڈ ڈیوس کو رہا کرنے والوں نے ملک دشمنی کی اِنتہا کر دی ہے یہ کھیل کھیل کر مستقل بنیادوں پر ملک کو امریکی غلامی میں دینے کی شعوری کوشش کی گئی ہے اور اس کے پس منظر میں اس کی ''بظاہر مخالفت'' کرنے والے ''نامور'' سیاستدان اور رہنمایانِ قوم بھی خیر سے شامل ہیں مجلس احرارِ اسلام پاکستان کے مرکزی رہنما پروفیسر خالد شبیر احمد، سید محمد کفیل بخاری، قاری محمد یوسف احرار، مولانا محمد مغیرہ اور میاں محمد اویس نے کہا ہے کہ ریمنڈ ڈیوس کے مسئلہ پر حکمران جو کچھ کہہ رہے تھے وہ جھوٹ اور فریب پر مبنی تھا لیکن صرف حکمران نہیں حکومت مخالف سیاستدان بھی اس خطرناک مہم کا حصہ ہیں جبکہ قوم اس مسئلہ پر ایک ہی رائے رکھتی ہے اور وہ امریکی غلامی کا طوق اتار دینے کا فیصلہ کر چکی ہے انہوں نے کہا کہ وقت آنے والا ہے جب حکمرانوں اور سیاستدانوں کو بھاگنے نہیں دیا جائے گا۔

## ممتاز صحافی رانا ابرار حسین کا مقدمہ قتل پولیس اور قادیانیوں کی ملی بھگت نے خراب کیا

لاہور (۱۷ر مارچ) متحدہ تحریکِ ختم نبوت رابطہ کمیٹی پاکستان نے چناب نگر کے ممتاز صحافی رانا ابرار حسین کے اندوہناک قتل پر شدید ردِعمل کا اظہار کیا ہے اور کہا ہے کہ قادیانی گروہ دہشت گردی کی علامت بن چکا ہے مجلس احرار اسلام پاکستان کے امیر مرکزیہ سید عطاء المہیمن بخاری، انٹرنیشنل ختم نبوت موومنٹ کے امیر مرکزیہ عبدالحفیظ مکی، پاکستان شریعت کونسل کے سیکرٹری جنرل مولانا زاہد الراشدی، مولانا محمد الیاس چنیوٹی (ایم پی اے)، قاری شبیر احمد عثمانی، سید محمد کفیل بخاری اور مولانا محمد مغیرہ نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ چناب نگر (ربوہ) کی سرزمین کے پہلے شہیدِ ختم نبوت کا اعزاز رانا ابرار حسین کو ملا ہے انہوں نے کہا کہ قادیانیوں کے باغی گروپ کو بے نقاب کر کے منظر عام پر لانا اور قادیانی جبر و تشدد کو عیاں کرنا مرحوم نے اپنا شعائر بنا لیا تھا کہ رانا ابرار حسین کی شہادت سے یہ بات طے ہوگی کہ مجاہدین ختم نبوت اپنا خون تو دے دیں گے لیکن



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اس راستے سے پیچھے ہٹنے کے لئے ہرگز تیار نہیں ختم نبوت رابطہ کمیٹی کے کنونیئر عبداللطیف خالد چیمہ نے بتایا ہے کہ ۱۸؍مارچ کو ضلع چنیوٹ میں بھرپور احتجاج کیا جائے گا اور بعدازاں احتجاج کے دائرے کو ڈویژن کی سطح تک وسعت دی جائی گی انہوں نے مطالبہ کیا کہ میڈیا کے لئے ربوہ میں آمدورفت کو سرکاری انتظامیہ آسان بنائے اور بلاجواز رکاوٹیں ختم کی جائیں انہوں نے الزام عائد کیا کہ ربوہ میں امتناع قادیانیت ایکٹ پر عمل درآمد نہ ہونے سے مسائل بڑھ رہے ہیں اگر اس جانب فوری توجہ نہ دی گئی تو ہولناک کشیدگی جنم لے گی انہوں نے مطالبہ کیا کہ اس قتل کے اصل ملزمان گرفتار کئے جائیں اور حکومت قادیانی ملزمان کی پُشت پناہی ترک کردے انہوں نے الزام عائد کیا کہ رانا ابرار حسین کے قتل کے مقدمہ کی ایف آئی آر کے اندراج میں وہی گروہ اثر انداز ہوا ہے جس کے خلاف رانا ابرار حسین مرحوم جرأت کے ساتھ لکھتے رہے اور قلمی جہاد کرتے رہے انہوں نے کہا کہ ڈی پی او چنیوٹ قاتلوں کو تحفظ فراہم کرنے کے لئے سرکاری اثر ورسوخ استعمال کر رہے ہیں قاتلوں کو بچایا جا رہا ہے اور مظلولوں کی دادرسی نہیں کی جارہی ہے انہوں نے کہا کہ یاد رکھنا چاہیے کہ آخر کار ایک ایسی عدالت میں ہم سب نے پیش ہونا ہے جہاں سرکاری دباؤ اور مالی وسائل کارگر نہ ہوں گے۔

## ریمنڈ ڈیوس کو رہا کر کے حکومت نے بے انتہا بے غیرتی کا ثبوت دیا: سید عطاء المہیمن بخاری

چوک ظاہر پیر (۱۸؍مارچ، کریم اللہ) مجلس احرار اسلام پاکستان کے امیر حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری مدظلہٗ نے جامع مسجد اقصیٰ چوک ظاہر پیر میں جمعۃ المبارک کے عظیم الشان اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی امت کی ہدایت کے لیے قرآن وسنت کو چھوڑا۔ موجودہ فتنوں کے دور میں قرآن وسنت سے رہنمائی حاصل کر کے ہی امت محمدیہ صلی اللہ علیہ وسلم فتنوں سے بچ سکتی ہے۔ مسلمانوں کے لیے ایمانیات، عبادات، اخلاقیات، معاملات اور معاشرت میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے مثالی کردار کو اپنائے بغیر کامیابی کا کوئی راستہ نہیں۔ تین مسلمانوں کے قاتل امریکی غنڈے ریمنڈ ڈیوس کو رہا کر کے حکومت نے اپنی پستی اور امریکی غلامی کا عملی ثبوت دیا۔ پاکستان امریکی کالونی بن گیا ہے قوم کو ملک کی آزادی وخود مختاری کے لیے نئے سرے سے جدوجہد کرنا ہوگی۔

## چناب نگر کے بہادر مسلمان صحافی کے قتل پر انسانی حقوق کی تنظیمیں اور اخبارات کیوں خاموش ہیں؟ عبداللطیف خالد چیمہ

چنیوٹ (۱۸؍مارچ) متحدہ تحریک ختم نبوت رابطہ کمیٹی پاکستان نے ذرائع ابلاغ اور انسانی حقوق کی تنظیموں سے کہا ہے کہ وہ اس بات کا جائزہ لیں کہ انسانی حقوق، آزادئ رائے اور میڈیا کے اِس زمانے میں چناب نگر (ربوہ) کے ایک دلیر اور مسلمان صحافی رانا ابرار حسین جن کو ۱۵؍مارچ کو قادیانیوں نے شہید کر دیا تھا کو اکثر اخبارات اور میڈیا نے رپورٹ کیوں نہیں کیا۔ متحدہ تحریک ختم نبوت رابطہ کمیٹی پاکستان کے کنونیئر اور مجلس احرارِ اسلام پاکستان کے سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ نے انسانی حقوق کی تنظیموں، اخبارات کے مدیران اور ٹی وی چینلز کے ذمہ داران کے نام اپنے خط میں کہا ہے کہ ۱۵؍مارچ منگل کو شام کے وقت چناب نگر ریلوے پھاٹک کے قریب رفیق نامی قادیانی نے رانا ابرار حسین کو قتل کیا اور قتل کے



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



بعد ایف آئی آر کے اندراج کے لئے مقتول کے والد سے بیان دلوانے کے لئے مقامی وضلعی پولیس نے نہائت شرمناک کردار ادا کیا اور قتل کی اصل وجہ کو چھپانے کے لیے قادیانیوں سے ساز باز کر کے وقوعہ کے اصل اسباب وعوامل پر پردہ ڈالنے کی کوشش کی انہوں نے اپنے خط میں لکھا ہے کہ رانا ابرار حسین چناب نگر کے متحرک مسلمان صحافی تھے جو قادیانیوں کی دہشت گردی، ناجائز قبضے، غریب قادیانیوں کے استحصال اور رائل فیملی کے بڑھتے ہوئے مظالم کو مسلسل بے نقاب کر رہے تھے عبداللطیف خالد چیمہ نے ذرائع ابلاغ کے ذمہ داران اور انسانی حقوق کے اداروں سے کہا ہے کہ اس حساس مسئلہ پر اپنی پوزیشن واضح کریں کہ انہوں نے کس کی ایماء پر اِس کیس کے حقائق کو اخفاء میں رکھا اور لوگوں کو مایوس کیا۔

## رانا ابرار حسین کی شہادت پر میڈیا کی مجرمانہ خاموشی قابلِ مذمت ہے (مجلس احرار اسلام کراچی)

کراچی (۱۸ر مارچ) رانا ابرار حسین شہید نے دارالکفر والارتداد چناب نگر (ربوہ) کے قادیانیوں کی سازشوں اور مجرمانہ کرداروں کو بے نقاب کرنے کے لیے صحافتی ذمہ داریوں کا مثبت کردار جرأت سے ادا کیا۔ قادیانی قاتلوں کو سرعام پھانسی دینے کا مطالبہ مجلس احرار اسلام (شعبہ تبلیغ) تحریک تحفظ ختم نبوت کراچی کی اپیل پر کراچی کی مساجد میں اجتماع جمعہ سے خطاب کرتے ہوئے مفتی فضل اللہ الحمادی، مفتی عطاء الرحمٰن قریشی، مولانا احتشام الحق احرار، مولانا مقصود احمد عباسی، مفتی جمال عتیق، مولانا سالک ربانی، مولانا محمد یوسف، مولانا عبداللہ، مولانا عبدالغفور مظفر گڑھی، مولانا تنویر اقبال اور ابوعثمان احرار نے اپنے الگ الگ بیان میں کہا کہ راانا ابرار حسین شہید قادیانی دہشت گردوں کی سفاکانہ اور بزدلانہ کاروائی کا شکار ہو گئے ہیں یہ قابلِ مذمت ہے اور صحافت کی آزادی پر شب خون مارنے کے مطابق ہے۔ چناب نگر (ربوہ) ایک پراسرار اور شیطانی قوتوں کی سازشوں کی آماجگاہ بنا ہوا ہے۔ اسٹیٹ کے اندر اسٹیٹ بنا کر پاکستان کے آئین اور قانون کا مذاق اڑانا قادیانیوں کی عادت ہے۔ اس لیے اس شہر کو کھلا شہر قرار دیا جائے اور غیر قانونی اسلحہ سے پاک کیا جائے۔ قادیانیوں کی مظلومیت کا ڈھنڈورا پیٹنے والے صحافی اور انسانی حقوق کے علمبردار خاموش کیوں ہیں؟ قادیانیوں کی دہشت گردی پر الیکٹرانک میڈیا (T.V) اور اخبارات کا رویہ قابلِ مذمت ہے۔ آزادی صحافت کے نام پر عریانیت، فحاشی اور بے غیرتی کا مظاہرہ کرنے والے قلم فالج زدہ ہو چکے ہیں۔ آج کراچی شہر میں یوم احتجاج منایا گیا۔

## امریکہ، اسلام اور پاکستان کے دشمنوں کی سرپرستی کر رہا ہے

ملتان (۲۵ر مارچ) مجلس احرارِ اسلام پاکستان کے امیر مرکزیہ سید عطاء المہیمن بخاری نے چناب نگر اور سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ نے جھنگ، سید محمد کفیل بخاری نے ملتان، مولانا محمد مغیرہ، قاری محمد یوسف احرار، مولانا تنویر الحسن اور مولانا احتشام الحق نے مختلف مقامات پر احتجاجی اجتماعات سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اسلام اور پاکستان کے دشمنوں کی اصل سرپرستی امریکہ کر رہا ہے انہوں نے کہا کہ قرآن پاک شہید کرنے والے اسلامی تعلیمات کے بڑھتے ہوئے رسوخ سے گھبرا کر اِس قسم کے شیطانی ہتھکنڈوں پر اُتر آئے ہیں مجلس احرارِ اسلام اور تحریک تحفظ ختم نبوت کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ آج کا طاغوت عالمِ کفر کا نمائندہ امریکہ ہے اِس کے خلاف پوری دنیا میں بیداری پیدا ہو رہی ہے مظلوم اقوام کے خلاف



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



امریکی ظلم آخر کارمٹ کر رہے گا انہوں نے مطالبہ کیا کہ چناب نگر (ربوہ) میں قادیانیوں کے ہاتھوں شہید ہونے والے شہید صحافت وشہید ختم نبوت رانا ابرار حسین کے اصل قاتلوں کو گرفتار کر کے کیفر کردار تک پہنچایا جائے۔

**مجلس احرار اسلام، تحفظ ختم نبوت کے محاذ پر جد جہد جاری رکھے گی (میاں محمد اویس)**

لاہور (۲۵؍مارچ) مجلس احرار اسلام کے ڈپٹی سیکرٹری جنرل میاں محمد اویس نے کہا ہے کہ تحفظ ختم نبوت کا مشن احرار کا نصب العین ہے۔احرار اس محاذ پر پوری آب وتاب کے ساتھ جدو جہد جاری رکھیں گے۔

میاں محمد اویس نے سمن آباد ٹاؤن، عزیز بھٹی ٹاؤن، داتا گنج بخش ٹاؤن اور شالیمار ٹاؤن میں مجلس احرارِ اسلام کے یونٹس تشکیل دینے کے بعد کارکنوں سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ان شاءاللہ لاہور کے تمام ٹاؤنز میں احرار کے یونٹس تشکیل دیے جائیں گے۔رکنیت سازی مہم جاری ہے۔انتخابی مرحلہ مکمل ہونے کے بعد لاہور میں عظیم الشان احرار ورکرز کنونشن منعقد کیا جائے گا۔

☆......☆......☆

## ظلمت سے روشنی تک

**وقار احمد سرگانہ نے اہل وعیال سمیت قادیانیت سے تائب ہوکر اسلام قبول کرلیا**

باگڑ سرگانہ (۲۵؍مارچ) باگڑ سرگانہ ضلع خانیوال کے رہائشی جناب میاں وقار احمد سرگانہ (ولد میاں ممتاز سرگانہ) نے اپنی اہلیہ، دو بیٹوں اور دو بیٹیوں سمیت قادیانیت سے تائب ہوکر اسلام قبول کرلیا۔

تفصیلات کے مطابق میاں وقار احمد سرگانہ کے دوست جناب حقنواز صاحب نے قادیانیوں کے باطل عقائد ان کے سامنے رکھے اور مسلسل دعوت وتبلیغ کی محنت کرتے رہے۔اللہ تعالیٰ نے ان کی مخلصانہ محنت کو قبول فرمایا۔۲۵؍مارچ ۲۰۱۱ء نمازِ جمعۃ المبارک سے قبل میاں وقار احمد نے اپنے اہل وعیال سمیت مولانا فیصل متین سرگانہ (مدرس مدرسہ معمورہ، دارِ بنی ہاشم ملتان) کے ہاتھ پر اسلام قبول کیا۔

میاں وقار احمد نے حلفاً کہا کہ مرزا قادیانی اور اس کے ماننے والے سب کافر و مرتد ہیں۔سیدنا حضرت عیسیٰ علیہ السلام آسمانوں پر زندہ ہیں۔مرزا قادیانی کا یہ دعویٰ کہ وہ مثیلِ مسیح ہے جھوٹ اور باطل ہے۔سیدنا عیسیٰ علیہ السلام قربِ قیامت میں دوبارہ دنیا میں تشریف لائیں گے۔اللہ تعالیٰ مجھے عقیدۂ ختم نبوت پر استقامت اور اسلام پر خاتمہ نصیب فرمائے اور ہدایت پر قائم رکھے۔تمام حاضرینِ مجلس نے میاں وقار احمد سرگانہ کو قبولِ اسلام پر مبارک باد پیش کی اور ان کے لیے استقامت کی دعا کی۔علاوہ ازیں مجلس احرار اسلام کے امیر حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری، سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ اور ڈپٹی سیکرٹری جنرل سید محمد کفیل بخاری نے قادیانیت سے توبہ اور اسلام قبول کرنے پر میاں وقار احمد سرگانہ کو مبارکباد دی اور ان کے لیے اسلام پر استقامت کی دعا کی ہے۔



© rasailojaraid.com